# نیو یارک سٹی Green Carts کے بارے میں عمومی معلومات

نیو یارک سٹی (NYC) Green Carts کھانے کی کارٹس اور ٹرک ہیں جو تازہ پھل اور سبزیاں اور دیگر صحت بخش غذائیں ان محلوں میں لاتے ہیں جہاں تازہ پیداوار تک رسائی نہیں ہے۔Green Cart فروشوں کے پاس نیویارک سٹی محکمہ صحت و ذہنی حفظان صحت (محکمہ صحت) کا موبائل طور پر کھانا فروخت کرنے کا لائسنس ہونا چاہیے اور کارٹ یا ٹرک کے آپریٹرز کے پاس محکمہ صحت کا Green Cart (تازہ پھل اور سبزیاں) کا پرمٹ (اجازت نامہ) ہونا چاہیے۔

**Green Cart کون سے کھانے پیش کر سکتی ہے؟**

Green Carts سالم، بغیر کٹے ہوئے کچے پھل اور سبزیاں پیش کرتی ہیں جیسے سالم گاجر، کیلے، سیب اور بیریز؛ پینے کے پانی کی بوتلیں؛ سادہ گری دار میوے؛ اور اگر کھانے کی کارٹ یا ٹرک کے پاس کھانے کو ٹھنڈا اور پہلے سے پیک کرنے کا سامان موجود ہو تو سلائس کردہ یا کٹے ہوئے پھل اور سبزیاں۔ Green Carts کیا فروخت کر سکتی ہیں، اس بارے میں مزید معلومات کے لیے **nyc.gov/greencarts** ملاحظہ کریں۔

**Green Cart کہاں آپریٹ کر سکتی ہے؟**

Green Carts مخصوص کردہ پولیس کی حدود میں آپریٹ کرتی ہیں۔ مزید جاننے کے لیے **nyc.gov/greencarts** ملاحظہ کریں۔

**Green Cart کے کتنے پرمٹ ہیں؟**

NYC نے 1,000 Green Cart پرمٹ دستیاب کیے ہیں:Brooklyn کے لیے 350، Bronx کے لیے 350، Manhattan کے لیے 150، Queens کے لیے 100 اور Staten Island کے لیے 50۔

**Green Cart پرمٹ حاصل کرنے میں کتنا خرچ آتا ہے؟**

- ابتدائی اخراجات:Green Cart پرمٹ کے لیے درخواست دینے کے لیے، آپ کے پاس درست موبائل طور پر کھانا فروخت کرنے کا لائسنس ہونا ضروری ہے۔ اگر آپ کے پاس پہلے سے لائسنس نہیں ہے تو آپ کو موبائل وینڈرز کے فوڈ پروٹیکشن کورس کے لیے $53 اور لائسنس کے لیے $50 ادا کرنے ہوں گے جو کہ دو سال کے لیے قابل استعمال ہے۔ اگر آپ کو Green Cart پرمٹ پیش کیا جاتا ہے تو پرمٹ کی لاگت $75 ہے اور یہ دو سال کے لیے قابل استعمال ہے۔
- تجدید کے اخراجات: ہر دو سال بعد آپ کے لائسنس کی تجدید کے لیے $50 کی لاگت آئے گی، اس کے علاوہ ٹیکس کلیئرنس کے لیے $10 فیس ہو گی۔ ہر دو سال بعد آپ کے پرمٹ کی تجدید پر $50 کی لاگت آئے گی۔
- لائسنس اور پرمٹ کی فیس نیویارک اسٹیٹ پیڈلر کا سرٹیفکیٹ رکھنے والے سابق امریکی فوجی یا یہ سرٹیفکیٹ رکھنے والے باعزت فارغ ہونے والے سابق فوجی کے شریک حیات یا گھریلو ساتھی کے لیے معاف کر دی گئی ہے۔

**میں موبائل طور پر کھانا فروخت کرنے کا لائسنس کیسے حاصل کر سکتا ہوں؟**

**311** پر کال کریں اور "Mobile Food Vendor License Application" (موبائل طور پر کھانا فروخت کرنے کے لائسنس کی درخواست) طلب کریں یا **www1.nyc.gov/nycbusiness/description/mobile-food-vending-license** ملاحظہ کریں۔

**میں Green Cart پرمٹ کے لیے کیسے درخواست دے سکتا ہوں؟**
Green Cart پرمٹ ان لوگوں کو جاری کیے جاتے ہیں جو Green Cart پرمٹ ویٹنگ لسٹ میں ہیں۔ ہر بورو کے لیے ویٹنگ لسٹ ہے۔ موجودہ لسٹ کے مکمل ہونے کے بعد ایک نئی ویٹنگ لسٹ بنائی جاتی ہے۔ آپ ویٹنگ لسٹ کی اوپن مدت کے دوران Green Cart پرمٹ ویٹنگ لسٹ میں شامل ہونے کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ اس بارے میں مزید معلومات حاصل کرنے کے لیے کہ ویٹنگ لسٹ کی اوپن مدت کب ہے، **nyc.gov/greencarts** ملاحظہ کریں۔

**ویٹنگ لسٹ کا درخواست فارم جمع کروانے کے بعد کیا ہوتا ہے؟**
محکمہ صحت ترجیحی گروپوں اور ایک لاٹری سسٹم کی بنیاد پر ہر بورو کے لیے درخواست دہندگان کی ویٹنگ لسٹ تشکیل دے گا۔ محکمہ صحت آپ کو آپ کے ویٹنگ لسٹ نمبر کے ساتھ ایک پوسٹ کارڈ بھیجے گا اور جب آپ کو بورو کی مخصوص ویٹنگ لسٹوں میں سے کسی ایک سے منتخب کیا جائے گا تو آپ کو پرمٹ کی درخواست بھیجے گا۔

ویٹنگ لسٹ کی پوزیشن کے لیے ترجیح پوائنٹ سسٹم کی بنیاد پر دی جاتی ہے۔ معذوری کے حامل درخواست دہندگان، معذوریوں کے ساتھ یا ان کے بغیر سابق امریکی فوجی اور ایسے درخواست دہندگان کو مزید پوائنٹس دیئے جاتے ہیں جو پہلے ہی محکمہ صحت کے موبائل طور پر کھانا فروخت کرنے کی ویٹنگ لسٹوں میں شامل ہیں۔ ہر ترجیحی گروپ کے اندر موجود درخواستوں کو ویٹنگ لسٹ میں تصادفی طور پر ایک نمبر دیا جاتا ہے۔ جب آپ کو پرمٹ کے لیے درخواست دینے کے لیے مطلع کیا جاتا ہے اور آپ اپنے ترجیحی گروپ کا ثبوت ظاہر کرنے سے قاصر ہوں تو آپ کی ویٹنگ لسٹ کی درخواست آپ کے منتخب کردہ تمام بوروز کے لیے مسترد کر دی جائے گی اور ویٹنگ لسٹس دوبارہ کھلنے کے بعد آپ کو دوبارہ درخواست دینا ہوگی۔

**کچھ بوروز میں دوسری بوروز کے مقابلے میں زیادہ Green Cart پرمٹ ہیں۔ اگر میں ایک سے زیادہ بورو کا انتخاب کروں تو کیا میرے منتخب ہونے کے امکانات بہتر ہوں گے؟**
پرمٹ کے لیے درخواست دینے کے لیے آپ کے منتخب ہونے کا امکان اس بات پر منحصر ہے کہ وہاں کتنے درخواست دہندگان ہیں، آپ کا ترجیحی گروپ کیا ہے اور آیا آپ مزید بوروز میں آپریٹ کرنے کے لیے تیار ہیں۔ جب آپ ویٹنگ لسٹ میں شامل ہونے کے لیے درخواست دیتے ہیں تو وہ تمام بورو منتخب کریں جہاں آپ Green Cart آپریٹ کرنا چاہتے ہیں۔ اگر آپ صرف ایک بورو میں کام کرنا چاہتے ہیں تو آپ کو صرف ایک کا انتخاب کرنا چاہیے۔

**اگر میں Green Cart ویٹنگ لسٹوں کے لیے درخواست دیتا ہوں تو کیا آپ میرا نام موبائل طور پر کھانا فروخت کرنے کے پرمٹ کی دیگر ویٹنگ لسٹوں سے ہٹا دیں گے؟**
نہیں۔ موبائل طور پر کھانا فروخت کرنے کے پرمٹ اور Green Cart پرمٹ کے لیے ویٹنگ لسٹس الگ ہیں۔ Green Cart پرمٹ کے لیے ویٹنگ لسٹ میں شامل ہونے کے لیے درخواست دینے سے موبائل طور پر کھانا فروخت کرنے کے پرمٹ کی ویٹنگ لسٹ کے حوالے سے آپ کے اسٹیٹس یا پوزیشن پر کوئی اثر نہیں پڑے گا۔

**اگر میرے پاس پہلے سے ہی موبائل طور پر کھانا فروخت کرنے کا پرمٹ ہے تو کیا میں Green Cart پرمٹ بھی حاصل کر سکتا ہوں؟**
آپ ایک وقت میں موبائل طور پر کھانا فروخت کرنے کا صرف ایک پرمٹ لے سکتے ہیں۔ اگر آپ درخواست دیتے ہیں اور Green Cart پرمٹ کے لیے منتخب ہو جاتے ہیں اور آپ اس پرمٹ کو قبول کرتے ہیں تو آپ کو موبائل طور پر کھانا فروخت کرنے کا اپنا دوسرا پرمٹ واپس دینا ہوگا۔

**میں Green Cart کیسے حاصل کر سکتا ہوں؟**
آپ کو اپنی کارٹ خود خریدنی ہو گی اور اس سے پہلے کہ آپ کارٹ آپریٹ کر پائیں، محکمہ صحت پہلے اس کا معائنہ کرے گا اور منظوری دے گا۔ منظور شدہ کارٹ مینوفیکچررز کی لسٹ تلاش دیکھنے کے لیے **nyc.gov/greencarts** ملاحظہ کریں۔